خیبر پختونخواہ سروس ٹریبونل بمقام ڈیرہ اسماعیل خان

سروس اپیل نمبر ۱۶۱۶ سال ۲۰۲۳ء

مسماۃ نوشین بنام اعلیٰ تعلیم وغیرہ

حکم

۱۷/۱۰/اکتوبر ۲۰۲۳ء

۱۔ وکیل اپیل کنندہ حاضر ہے۔

۲۔ وکیل اپیل کنندہ نے شروع ہی میں ایک چٹھی محررہ ۱۶/۱۰/اکتوبر ۲۰۲۳ء مجاریہ حکومت خیبر پختونخوا محکمہ اعلیٰ تعلیم بجانب ناظم (ڈائریکٹر) اعلیٰ تعلیم خیبر پختونخوا پشاور کی نقل معہ نقل قرارداد/روئیداد اجلاس بر اپیل مسماۃ نورین ہاسٹل وارڈن گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج ڈیرہ اسماعیل خان پیش کی۔ قرارداد میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ چٹھی متدعویہ محررہ ۱۳/مارچ ۲۰۲۳ء کہ جس کی رو سے اپیل کنندہ کو متنبہ کیا گیا تھا، کو واپس لے لیا گیا ہے۔ لہٰذا اپیل ہٰذا بے نتیجہ ہو گئی ہے۔

۳۔ حقائق بالا کی روشنی میں اپیل بوجہ ہونے بے نتیجہ فیصل کی جاتی ہے۔ مسل داخل دفتر ہووے۔

۴۔ آج بتاریخ ۱۷/۱۰/اکتوبر ۲۰۲۳ء بہ ثبت دستخط میرے اور مہر ٹریبونل کے بمقام ڈیرہ اسماعیل خان جاری کیا گیا۔

(کلیم ارشد خان)

چیئرمین